## مسلح افواج پاکستان کی سلامتی اور استحکام کی جنگ لڑ رہی ہیں لہٰذا عوام مسلح افواج کا بھرپور ساتھ دیں، الطاف حسین

## اگر عوام نے اس وقت مسلح افواج کا ساتھ نہیں دیا تو نقصان صرف مسلح افواج کا نہیں ہوگا بلکہ خاکم بدہن پاکستان کا نقصان ہوسکتا ہے

## جو لوگ مسلح افواج کے آپریشن کے بارے میں عوام کو ورغلا رہے ہیں عوام کو انکے خلاف مسلح افواج کا ساتھ دینا چاہیے

## میں طالبانائزیشن کے بارے میں جن خطرات کی نشاندہی کررہا تھا وہ آج سب کے سامنے ہیں، اگر طالبانائزیشن کے خلاف بروقت کارروائی کرلی جاتی تو آج ملک بھر میں طالبان کا جال نہیں پھیلتا

## دہشت گردوں کے خلاف بہادری سے لڑنے والے پولیس اور مسلح افواج کے بہادر جوانوں کو سیلوٹ پیش کرتا ہوں

## ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں اجلاس سے خطاب، اٹک میں ایروناٹیکل کمپلیکس کامرہ کی چیک پوسٹ پر خودکش حملے اور حیات آباد پشاور میں دھماکے پر اظہار مذمت

لندن۔۔۔23 اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ مسلح افواج پاکستان کی سلامتی اور استحکام کی جنگ لڑ رہی ہیں لہٰذا عوام مسلح افواج کا بھرپور ساتھ دیں، اگر عوام نے اس وقت مسلح افواج کا ساتھ نہیں دیا تو نقصان صرف مسلح افواج کا نہیں ہوگا بلکہ خاکم بدہن پاکستان کا نقصان ہوسکتا ہے۔ جناب الطاف حسین نے ان خیالات کا اظہار ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں اراکین رابطہ کمیٹی، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی اور دیگر ذمہ داروں نے شرکت کی۔ جناب الطاف حسین نے اٹک میں ایروناٹیکل کمپلیکس کامرہ کی چیک پوسٹ پر خودکش حملے اور پشاور کے علاقے حیات آباد میں دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں دہشت گردی کی کارروائیاں روزمرہ کا معمول بن گئی ہیں جن میں معصوم و بے گناہ انسانی جانوں کا اتلاف ہورہا ہے۔ ملک میں مسجدوں امام بارگاہوں میں نمازیوں پر خودکش حملے ہوئے، بزرگان دین کے مزارات کو بموں سے اڑایا گیا، ان کی بیحرمتی ہوئی، ملک کے مختلف شہروں میں خودکش حملوں میں ہزاروں معصوم و بے گناہ مرد، خواتین، بزرگ، بچے شہید ہوئے، پولیس کے ٹریننگ سینٹرز، تھانوں اور لاء انفورسمنٹ ایجنسیز کے مراکز پر حملے کئے گئے، پولیس اور پاک فوج کے افسران اور جوانوں کو شہید کیا گیا، آج بھی ملک کے مختلف شہروں میں دہشت گردی کے ذریعے معصوم شہریوں کا خون بہایا جارہا ہے۔ انہوں نے پاکستان کے باشعور عوام سے پرزور اپیل کرتے ہوئے کہا کہ آپ کا متحدہ سے کتنا ہی نظریاتی اختلاف ہو لیکن اس وقت ملک کو استحکام کی جتنی ضرورت ہے لہٰذا اس کو مدنظر رکھتے ہوئے آپ دہشت گردی کے خلاف اس جنگ میں مسلح افواج کا ساتھ دیں کیونکہ مسلح افواج پاکستان کی سلامتی اور استحکام کی جنگ لڑ رہی ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ پاکستان کی جنگ نہیں ہے میں ان سے سوال کرتا ہوں کہ کیا جی ایچ کیو پاکستان کا جنرل ہیڈکوارٹر نہیں ہے؟ کیا پاک فوج اور پولیس کسی اور ملک کی فوج اور پولیس ہے؟ کیا لاء انفورسمنٹ ایجنسیز کسی اور ملک کی ہیں؟ کیا اسلام آباد کی اسلامک یونیورسٹی کسی اور ملک کی یونیورسٹی ہے؟ انہوں نے کہا کہ جو لوگ مسلح افواج کے آپریشن کے بارے میں عوام کو ورغلا رہے ہیں عوام کو انکے خلاف مسلح افواج کا ساتھ دینا چاہیے اور دہشت گردی کے خاتمہ میں مسلح افواج اور پولیس کے ساتھ بھرپور تعاون کرنا چاہیے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ یہ پاکستان کی بقاء وسلامتی کا معاملہ ہے لہٰذا میری عوام سے اپیل ہے کہ وہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں مسلح افواج کا بھرپور ساتھ دیں، اگر عوام نے اس وقت مسلح افواج کا ساتھ نہیں دیا تو نقصان صرف مسلح افواج کا نہیں ہوگا بلکہ خاکم بدہن پاکستان کا نقصان ہوسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں طالبانائزیشن کے خلاف کب سے آواز بلند کررہا ہوں جس پر لوگ مجھے طعنے دیتے تھے اور کہتے تھے کہ الطاف حسین طالبانائزیشن کا واویلا کررہا ہے لیکن آج دنیا نے دیکھ لیا کہ میں جن خطرات کی نشاندہی کررہا تھا وہ آج سب کے سامنے ہیں، اگر طالبانائزیشن کے خلاف بروقت کارروائی کرلی جاتی تو آج ملک بھر میں طالبان کا جال نہیں پھیلتا۔ انہوں نے کہا کہ اب بھی وقت ہے کہ ملک سے دہشت گردی کے خاتمہ کیلئے بھرپور اتحاد کا مظاہرہ کیا جائے۔ جناب الطاف حسین نے عوام خصوصاً نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں ویجیلنس کمیٹیاں بنائیں، مشکوک افراد پر نظر رکھیں اور مشکوک افراد کے بارے میں پولیس وانتظامیہ کو آگاہ کریں۔ جناب الطاف حسین نے خودکش حملوں اور بم دھماکوں میں شہید ہونے والے معصوم بچوں، بچیوں، طلبہ وطالبات، نوجوانوں اور بزرگوں کیلئے دعائے مغفرت کی اور انکے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے دہشت گردی کے واقعات میں شہید ہونے والے پولیس اور مسلح افواج کے افسروں اور جوانوں کو خراج عقیدت پیش کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ان شہید کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور زخمیوں کو صحت کاملاں عطا کرے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں پولیس اور مسلح افواج کے بہادر جوانوں کو سیلوٹ پیش کرتا ہوں اور انکی کامیابی کیلئے دعاگو ہوں جو دہشت گردوں کے خلاف بہادری سے لڑ رہے ہیں۔

## گلگت بلتستان بھی ایم کیو ایم کے مضبوط گڑھ ثابت ہوں گے،توصیف خانزادہ

## حق پرست قیادت انتخابات میں کامیابی کے بعد گلگت بلتستان کو کراچی جیسے ترقی یافتہ علاقوں کی صف میں لاکھڑا کریگی

## اسکردو میں حق پرست امیدوار غلام رسول کی انتخابی ریلی اور جلسے سے رکن سندھ اسمبلی رضا حیدر اور یاور جمیل کا خطاب

اسکردو:۔۔۔23/اکتوبر 2009ء

ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن توصیف خانزادہ نے کہا ہے کہ 12 نومبر کو قانون ساز اسمبلی کے انتخابی نتائج کے نتیجے میں گلگت بلتستان بھی ایم کیو ایم کے مضبوط گڑھ ثابت ہوں گے۔انہوں نے یہ بات اسکردو کے علاقے روندو میں نامزد حق پرست امیدوار غلام رسول کے حلقہ انتخابات جی بی ایل اے۔10 اسکردو۔4 میں بڑے انتخابی جلسے اور ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔انہوں نے کہا کہ حق پرست قیادت عوام کے بھرپور تعاون سے انتخابات میں کامیابی کے بعد گلگت بلتستان کو کراچی جیسے ترقی یافتہ علاقوں کی صف میں لاکھڑا کریگی۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ 12 نومبر کو ہونے والے انتخابات میں ایم کیو ایم کے انتخابی نشان پتنگ پر مہر ثبت کرکے حق پرست نامزد امیدواروں کو کامیاب کرائیں تاکہ ان کے مسائل قائد تحریک الطاف حسین کے فکر و فلسفے اور نظریے کے مطابق حل کیے جاسکیں۔دریں اثناء گلگت بلتستان قانون اسمبلی کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدواروں کی انتخابی مہم جاری ہے۔گذشتہ روز حق پرست نامزد امیدوار غلام رسول کے حلقہ انتخاب میں ایک بڑی انتخابی ریلی نکالی گئی جس نے مختلف علاقوں اور شاہراہوں پر گشت کیا اس موقع پر ایم کیو ایم کے کارکنوں،حق پرست عوام اور دیگر شرکاء نے اپنے ہاتھوں میں ایم کیو ایم کے پرچم اٹھار کھے تھے اور انہوں نے اس دوران قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیو ایم کے حق میں فلک شگاف نعرے لگائے بعدازاں ریلی پرامن طور پر اختتام پذیر ہوئی۔

## اسکاؤٹ کے دستہ نے حاصل پور میں نصراللہ خان نیازی شہید،قدرت اللہ شہاب شہید اور فیصل آباد میں شاہد اقبال شہید کی قبروں پر حاضری دی

## اسکاؤٹ کے دستہ نے تینوں شہداء کی قبروں پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور شہداء کو سلیوٹ پیش کیا

## ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی اور حق پرست نمائندگان نے شہداء کے گھروں پر جاکر سوگوار لواحقین سے تعزیت کا اظہار کیا

## ایم کیو ایم نونہال اسکاؤٹ کا دستہ جمعہ کی رات لاہور پہنچے گا

حاصل پور۔۔۔23،اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام نونہال اسکاؤٹس کے دستہ کی جانب سے پنجاب کے مختلف شہروں میں دہشت گردی اور خودکش حملوں میں شہید ہونے والے فوج اور پولیس کے اہلکاروں کی قبروں پر حاضری دینے اور انہیں سلامی پیش کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔اس سلسلے میں اسکاؤٹ کے 30،رکنی دستہ نے جمعہ کے روز صوبہ پنجاب کے شہر حاصل پور سٹی اور فیصل آباد کا دورہ کیا۔اسکاؤٹ کے دستہ نے حاصل پور میں جی ایچ کیو میں دہشت گردی کے باعث شہید ہونے والے اسپیشل سروسز گروپ کے کمانڈو قدرت اللہ شہاب شہید،مناواں پولیس ٹریننگ سینٹر میں دہشت گردوں کے ہاتھوں شہید ہونے والے حوالدار نصراللہ خان نیازی شہید اور فیصل آباد کے علاقے سمندری میں جی ایچ کیو میں دہشت گردی کے واقعہ میں شہید ہونے والے شاہد اقبال شہید کی قبروں پر حاضری دی،قبروں پر پھولوں کی چادریں چڑھائیں اور شہداء کو سیلوٹ پیش کیا۔نونہال اسکاؤٹ کے دستہ کے ارکان نے پاکستان اور اس کے عوام کو دہشت گردی سے نجات دلانے کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے ان شہیدوں کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا اور ان کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی۔اس موقع پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سیف یار خان،ڈاکٹر علی حسین،ایم کیو ایم کے اراکین قومی اسمبلی سفیان یوسف،سید آصف حسنین،سندھ کے وزیر خالد بن ولایت،ایم کیو ایم پنجاب کمیٹی کے رکن عنصر بٹ،ایم کیو ایم ڈسٹرکٹ حاصل پور اور فیصل آباد کے ذمہ داران و کارکنان بھی وفد کے ہمراہ تھے۔بعدازاں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی،حق پرست نمائندگان اور دیگر ذمہ داروں نے حاصل پور میں نصراللہ خان نیازی شہید کے بھائیوں سمیع اللہ خان نیازی،نوید خان نیازی، قدرت اللہ شہاب شہید کے بھائیوں محمد اختر،محمد رمضان اور فیصل آباد میں شاہد اقبال شہید کے سوگوار لواحقین سے ملاقات کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا۔انہوں نے شہداء کے لواحقین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملک و قوم کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے مسلح افواج،سیکورٹی فورسز اور پولیس کے افسران و جوان قومی ہیرو ہیں جو ملک و قوم کو دہشت گردی سے نجات دلانے کیلئے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کررہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ دہشت گردی کے خلاف بہادری سے لڑنے والے فوج اور دیگر سیکورٹی فورسز کے بہادر جوانوں پر پوری قوم کو فخر ہے اور قوم انہیں سلام پیش کرتی ہے۔ایم کیو ایم کے رہنماء کچھ دیر تک شہداء کے

لواحقین کے ساتھ رہے اورانہوں نے شہداء کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی ۔اس موقع پرشہداء کے لواحقین نے اظہار ہمدردی کیلئے ایم کیوایم کے وفد کو بھیجنے پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا اور ایم کیوایم کے رہنماؤں کے قومی جذبے کی تعریف کی ۔ایم کیوایم کے تحت نونہال اسکاؤٹ کا دستہ جمعہ کی رات لاہور پہنچے گا۔

## مہمند ایجنسی میں باراتیوں سے بھری بس بارودی سرنگ سے ٹکرانے کے المناک سانحہ میں متعدد باراتیوں کے جاں بحق اورزخمی ہونے پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔23،اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مہمند ایجنسی کی تحصیل لکڑو میں باراتیوں سے بھری بس بارودی سرنگ سے ٹکرنے کے المناک سانحہ میں متعدد باراتیوں کے جاں بحق اورزخمی ہونے پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے واقعہ کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردوں کی جانب سے بچھائی گئی بارودی سرنگ کی زد میں باراتیوں کی بس آ گئی اور شادی کے گھر میں صف ماتم بچھ گئی اور بارودی سرنگ نصب کرنے والے دہشت گرد ایک مرتبہ پھر انسانیت کے کھلے دشمن ثابت ہو چکے ہیں ۔انہوں نے جاں بحق ہونے والے باراتیوں کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں ۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونے والے باراتیوں کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورزخمیوں کو جلد ومکمل صحت یابی عطا کرے ۔جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اوروفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ مہمند ایجنسی کی تحصیل لکڑو میں باراتیوں سے بھری بس بارودی سرنگ سے ٹکرانے کے المناک سانحہ کا سختی سے نوٹس لیا جائے اوردہشت گردوں کی جانب سے بچھائی گئی بارودی سرنگوں کو صاف کرنے اورناکارہ بنانے کیلئے فی الفور اقدامات کرکے عوام کو جان ومال کا تحفظ فراہم کیا جائے۔

## الطاف حسین کی جانب سے کمانڈو ایوب جان شہید کے لواحقین سے تعزیت
## ایم کیوایم گلگت بلتستان کے ذمہ داران نے ہنزہ میں شہید کے گھر جا کر فاتحہ خوانی کی

ہنزہ۔۔۔23 اکتوبر2009ء

ایم کیوایم گلگت بلتستان کے آرگنائزر ہدایت علی، نامزد حق پرست امیدوار کامل جان اورصوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن عابد زیدی نے راولپنڈی میں جی ایچ کیو پر دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کے دوران شہید ہونے والے اسپیشل سروسز گروپ کے کمانڈو نائیک محمد ایوب خان شہید کی رہائشگاہ واقع وادی ہنزہ میں جا کر شہید کے سوگوار والد محمد اسماعیل اوردیگر لواحقین سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اورشہید کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی ۔ایم کیوایم کے رہنماؤں نے شہید کے اہل خانہ کو ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے تعزیتی پیغام پہنچایا اورکہا کہ پوری قوم اپنی مسلح افواج،سیکوریٹی فورسز اور پولیس کے افسروں اور جوانوں کو سلام پیش کرتی ہے جو ملک وقوم کو دہشت گردوں سے نجات دلانے کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کررہے ہیں ۔ پوری قوم کو اپنے ان بہادر جوانوں پر فخر ہے۔شہید کے والد اوردیگر سوگوار لواحقین نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا۔

## گلگت بلتستان میں ایم کیوایم کی انتخابی مہم تیز ہوگئی
## تمام اضلاع میں حق پرست امیدواروں کے انتخابی جلسوں،جلوسوں اورریلیوں کا انعقاد
## ایم کیوایم روایت شکن جماعت ہے(عابد زیدی) گلگت بلتستان میں کراچی کی طرح ترقیاتی کام کریں گے،آغا کامل

گلگت۔۔۔23 اکتوبر2009ء

گلگت بلتستان میں قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کیلئے ایم کیوایم کی انتخابی مہم تیز ہوگئی ہے ۔اس سلسلے میں گلگت بلتستان کے تمام اضلاع میں ایم کیوایم کے نامزد حق پرست امیدواروں کی جانب سے انتخابی جلسے،جلوس اورریلیاں منعقد کی جارہی ہیں اورانتخابی دفاتر کا افتتاح کیا جارہا ہے۔حلقہ GBLA-6 ہنزہ نگر3 سے نامزد حق پرست امیدوار آغا کامل جان کی انتخابی مہم کے سلسلے میں گزشتہ روز علی آباد میں الیکشن آفس کا افتتاح کیا گیا۔اس موقع پر حق پرست امیدوار آغا کامل جان،ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے

رکن عابد زیدی، ہدایت علی، ایم کیوایم کے ذمہ داران، کارکنان اور عوام بڑی تعداد موجود تھے۔افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے عابد زیدی نے کہا کہ ایم کیوایم ایک روایت شکن جماعت ہے جو ملک سے موروثی سیاست کے خاتمے کیلئے عوام کے درمیان سے پڑھی لکھی غریب ومتوسط طبقے کی قیادت کو منتخب کرا کے اقتدار کے ایوانوں میں بھیجنے پر یقین رکھتی ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ انتخابات میں قائد تحریک الطاف حسین کے نامزد حق پرست امیدواروں کو ووٹوں کی بھاری اکثریت سے کامیاب کرائیں کیونکہ ایم کیوایم تعمیر وترقی کی سوچ کے ساتھ عوام کے مسائل کے حل کیلئے عملی کام کررہی ہے کراچی اس کی واضح مثال ہے جہاں ایم کیوایم کے حق پرست منتخب نمائندوں نے دن رات کی محنت سے نہ صرف عوام کو بنیادی سہولتیں فراہم کیں بلکہ پورے کراچی کا نقشہ ہی تبدیل کردیا۔انہوں نے یقین دلایا کہ اگر ایم کیوایم کو موقع ملا تو گلگت بلتستان میں بھی کراچی کی طرح مثالی ترقیاتی کام کیے جائیں گے اور عوام کو جدید سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔

## گلگت بلتسان انتخابات، یاسین سمال کی معروف دینی شخصیت امام داد اور ریٹائرڈ صوبیدار نور جمعہ خان نے GBLA-21 کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار شاہ ظاہر ایڈووکیٹ کی حمایت کا اعلان کردیا

## ضلع گلگت محلّہ برمس کے بلدیاتی رکن، صدر برمس یوتھ ویلفیئر اور دیگر کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

گلگت۔۔۔23،اکتوبر2009ء

گلگت کے علاقے یاسین سمال کی معروف دینی شخصیت امام داد اور ریٹائرڈ صوبیدار نور جمعہ خان نے GBLA-21 کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار شاہ ظاہر ایڈووکیٹ ولد دینار خان کی مکمل حمایت کا اعلان کیا ہے جبکہ ضلع گلگت محلّہ برمس بلدیاتی رکن اخلاق حسین، صدر برمس یوتھ ویلفیئر عمران حسین، سماجی کارکن شجاعت علی اور دیگر نے بھی قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے سے متاثر ہوکر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلانات انہوں نے یاسین سمال اور محلّہ برمس میں میں ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج صلاح الدین گلگتی اور رکن عبدالخالق بلوچ سے ملاقاتوں کے دوران کیا۔ ملاقات میں امام داد اور ریٹائرڈ صوبیدار نور جمعہ خان نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ہم قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے سے متاثر ہیں اور جانتے ہیں کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک بھر کے 98 فیصد غریب و مظلوم عوام کے حقوق کے حصول کی جدوجہد کررہے ہیں اور اس جدوجہد میں ایم کیوایم کو ہمارا تعاون حاصل رہے گا۔اسی طرح متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والے ضلع گلگت محلّہ برمس کے افراد نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم گلگت بلتستان میں حق پرستی کا فکر وفلسفہ لیکر آئی ہے اور گلگت بلتستان کے باشعور عوام ایم کیوایم کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کو ہی اپنے مسائل کا حل تصور کررہے ہیں کیونکہ ایم کیوایم میں میرٹ کو ترجیح دی جاتی ہے اور اقرباء پروری اور کرپشن کی لعنت کی بیخ کنی کی جاتی ہے ۔اس موقع پر ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج صلاح الدین گلگتی اور رکن عبدالخالق بلوچ نے انتخابات میں حق پرست امیدوار شاہ ظاہر ایڈووکیٹ کی مکمل حمایت کے اعلان پر دلی تشکر کا اظہار کیا اور متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والے ضلع گلگت محلّہ برمس کے افراد کا زبردست خیر مقدم کرتے ہوئے انہیں مبارکباد دی۔

## ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے ذمہ داران نے ضلع غذر جاکر کارگل جنگ میں شہید ہونے والے حوالدار لالک جان شہید اور دیگر شہداء کی قبروں پر حاضری دی

غذر۔۔۔23،اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر گلگت بلتستان میں مقیم متحدہ قومی موومنٹ صوبائی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج صلاح الدین گلگتی اور رکن عبدالخالق بلوچ نے ضلع غذر جاکر کارگل جنگ میں شہید ہونے والے حوالدار لالک جان شہید (نشان حیدر) اور دیگر شہداء کی قبروں پر حاضری دی اور ملک وقوم کیلئے ہمت، بہادری اور شجاعت کے مظاہرے پر شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے ذمہ داران نے کہا کہ وطن عزیز کے لئے اپنی جانوں کی لازوال قربانیاں پیش کرنے والے فوجی افسران اور جوانوں کے لہو کو رائیگاں نہیں جانے دیا جائے گا اور ہمیں مسلح افواج کی بہادری پر فخر ہے۔انہوں نے حوالدار لالک جان شہید اور دیگر شہداء کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

## ایم کیوایم نے ملک کی تاریخ میں پہلی مرتبہ غریب ومتوسط طبقے کے افراد کو ایوانوں میں بھیج کر مثبت روایت قائم کی ہے،حق پرست امیدوار وزیر کلیم

## GBLA-11 اسکردو کے علاقے کھرمنگ میں عوامی اجتماع سے خطاب اور معززین سے ملاقاتیں

سکردو۔۔۔23، اکتوبر 2009ء

12 نومبر کو ہونے والے گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے سلسلے میں GBLA-11 اسکردو کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار وزیر کلیم نے کہا ہے کہ ایم کیوایم نے ملک کی تاریخ میں پہلی مرتبہ غریب ومتوسط طبقے کے افراد کو ایوانوں میں بھیج کر مثبت روایت قائم کی ہے۔ یہ بات انہوں نے انتخابی مہم کے سلسلے میں سکردو کے علاقے کھرمنگ میں عوامی اجتماع سے خطاب اور معززین سے ملاقاتوں کے دوران کہی۔ اس موقع پر ایم کیوایم صوبائی کمیٹی کے انچارج الطاف زیدی اور اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن ارشد سبیل بھی موجود تھے۔ اپنے خطاب میں حق پرست امیدوار وزیر کلیم نے کہا کہ ایم کیوایم روایت شکن جماعت ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین جس فکر وفلسفہ اور نظریئے کو فروغ دے رہے ہیں اسی میں ہی ملک وقوم کی بھلائی موجود ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ گلگت بلتستان میں ایم کیوایم کے حق پرست امیدواران کا تعلق بھی غریب ومتوسط طبقے سے ہے اور انہوں نے انتخابات میں حصہ لینے کیلئے ٹکٹ خریدے نہیں ہیں بلکہ حق پرست امیدواروں کے تمام اخراجات پارٹی ہی برداشت کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ عمل قائد تحریک جناب الطاف حسین کی سچائی کا واضح ثبوت ہے اور یہی وجہ ہے کہ حق پرست امیدواران منتخب ہونے کے بعد عوام سے دور نہیں رہتے بلکہ ان کے درمیان رہ کر مسائل کو حل کرنے کیلئے عملی جدوجہد کرتے رہتے ہیں۔ وزیر کلیم نے کہا کہ ایم کیوایم کی پرامن جدوجہد اب گلگت بلتستان میں بھی فروغ پارہی ہے اور یہاں جاری انتخابی سرگرمیاں اور عوام کا جوش و خروش بتا رہا ہے کہ 12 نومبر کو حق پرست امیدواروں کی بھاری اکثریت سے فتح یقینی ہے۔

## ایم کیوایم ابراہیم حیدری اور اورنگی ٹاؤن سیکٹرز کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔23، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ابراہیم حیدری سیکٹر یونٹ الیاس گوٹھ کے کارکن دل محمد کی والدہ محترمہ میمونہ اور ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ A-118 کے کارکن محمد ارمان کے بھائی محمد کامران کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## دہشت گردی کی روک تھام کیلئے والنٹیئر فورس کے قیام میں بھرپور تعاون کریں گے، اے پی ایم ایس او

## طالبان جہل تعلیمی اداروں میں پرتشدد کارروائیوں کے ذریعے طلبہ کیلئے حصول علم میں مشکلات پیدا کرنے کی گھناؤنی سازش کررہے ہیں

## حکومت کی جانب سے الطاف حسین کی تجویز پر دہشت گرد عناصر کے مکمل خاتمے کیلئے والنٹیئر ٹاسک فورس کے قیام کا خیر مقدم کرتے ہیں

کراچی:۔۔۔۔۔23 اکتوبر 2009ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تجویز پر حکومت کی جانب سے دہشت گرد عناصر کے مکمل خاتمے کیلئے والنٹیئر ٹاسک فورس کے قیام کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہوئے صدرِ آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک کو یقین دہانی کرائی ہے کہ اے پی ایم ایس او دہشت گردی کی روک تھام کیلئے والنٹیئر ٹاسک فورس کے قیام میں بھرپور تعاون کریگی۔ اے پی ایم ایس او کے چیئر مین وحید الزماں ومرکزی کابینہ کے اراکین نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ پاک فوج ملک بھر میں انتہا پسند دہشت گرد عناصر کیخلاف انتہائی جرات اور بہادری کے ساتھ کارروائی کررہی ہے تاہم ضرورت اس بات کی ہے کہ عوام اور تمام سیاسی قوتیں اپنے اختلافات پس پشت ڈال کر ملک میں امن وامان یقینی بنانے کیلئے دہشت گردوں کیخلاف میدان عمل میں آجائیں۔ انہوں نے تعلیمی اداروں میں دہشت گردی کی کارروائیوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ طالبان جہل تعلیمی اداروں میں پرتشدد کارروائیوں کے ذریعے معصوم طلبہ وطالبات کیلئے حصول علم میں مشکلات پیدا کرنے کی گھناؤنی سازش کررہے ہیں لیکن ملک بھر کے طلباء وطالبات دہشت گردوں کی گھناؤنی سازشوں سے گھبرانے والے نہیں ہیں۔ ہم اعلان کرتے ہیں کہ ملک بھر میں پھیلے ہوئے اے پی ایم ایس او کے کارکنان اور حق پرست عوام قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں دہشت گردی کا قلع قمع کرنے کیلئے حکومت کے شانہ بشانہ ملک دشمن دہشت گردوں کے خلاف عملی جدوجہد کریں گے۔

## ایم کیوایم کا اصل مقصد ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ ہے، یوسف منیر شیخ

## گلگت بلتستان کے عوام نے الطاف حسین کا نظریہ حق پرستی قبول کرلیا، بارہ نومبر کے انتخابی نتائج سے نئی صبح کا آغاز ہوگا

## ملک بھر میں غریب اور متوسط طبقے کے عوام جوق در جوق متحدہ کے پلیٹ فارم پر جمع ہو رہے ہیں، بھٹائی آباد میں خطاب

کراچی ۔۔۔23 اکتوبر2009ء

کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج یوسف منیر شیخ نے کہا ہے کہ ایم کیوایم ایک انقلابی تحریک ہے اوراس کا اصل مقصد ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ ہے، گلگت بلتستان میں قائد تحریک الطاف حسین کا پیغام پوری طرح پھیل چکا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے بھٹائی آباد میں کے ایم اوسی کے یونٹ آفس کے افتتاح کے موقع پر ذمہ داران، کارکنان اور ہمدردوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر کے ایم اوسی کے اراکین ممتاز علی اور گل محمد مینگل بھی موجود تھے۔یوسف منیر شیخ نے کہا کہ ایم کیوایم کا مشن دکھی انسانیت کی خدمت ہے اور ہم ملک میں بسنے والی تمام قومیتوں کے 98 فیصد مظلوم ومحکوم عوام کے حقوق کے حصول کیلئے جدوجہد کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے فکروفلسفہ کو پوری دنیا میں پذیرائی مل رہی ہے اور ملک بھر میں غریب ومتوسط طبقے کے عوام جوق در جوق متحدہ قومی موومنٹ کے پلٹ فارم پر جمع ہورہے ہیں اور وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کو اپنا مسیحا تصور کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام نے الطاف حسین کا نظریہ حق پرستی سچے دل سے قبول کرلیا ہے اور گلگت بلتستان میں بارہ نومبر کو ہونے والے انتخابات کے نتائج سے ایک نئی صبح کا آغاز ہوگا۔

☆☆☆☆☆